**06.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کیلئے ترقی میں اضافے اور افراطِ زر کی شرح میں گراوٹ کے ماڈل کے طور پر کھڑا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ کوئی بھی ملک یہ نہیں کہہ سکتا کہ بھارت کو دیگر ملکوں کے ساتھ اپنے تعلقات کس طرح کے رکھنے چاہئیں۔

☆ سرکار نے **IndiGo** کو ہدایت دی ہے کہ وہ پروازیں منسوخ ہونے کے تناظر میں مسافروں کو کرائے کی رقم بلاتاخیر واپس کرے۔

☆ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو **70**ویں مہا پری نروان دِوَس کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆ کواڈ گروپ کے ممبر ملکوں، بھارت، جاپان، آسٹریلیا اور امریکہ نے ہرطرح کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔

☆ بھارت کی نشانے باز **Suruchi Singh** نے دوحہ میں **ISSF** ورلڈ کپ فائنل میں جونیئر عالمی ریکارڈ کے ساتھ خواتین کے دس میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، وشاکھاپٹنم میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو **9**وکٹ سے کراری شکست دے کر تین ایک روزہ میچوں کی سیریز دو–ایک سے جیت لی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM HT Summit Early**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کیلئے ترقی میں اضافے اور افراطِ زر کی شرح میں گراوٹ کے ماڈل کے طور پر کھڑا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ موجودہ مالی سال کی دوسری سہ ماہی کے دوران آٹھ فیصد کی **GDP** شرح ترقی سے ملک کی بڑھتی ہوئی پیشرفت کی عکاسی ہوتی ہے۔

**S/B 2100 PM GDP Growth**

عالمی منظرنامے پر بھارت کے رول کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ چیلنجوں اور غیر یقینی کے حالات سے گِھری ہوئی دنیا میں بھارت اپنی ترقی اور کارکردگی کی بدولت اپنا پرچم سربلند کئے ہوئے ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ ایک ایسے وقت کہ جب لوگ اقتصادی مندی کی بات کر رہے ہیں، بھارت اپنی ترقی کی داستان لکھ رہا ہے۔

**S/B 2100 PM Bridge Builder**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی صلاحیت کو طویل عرصے تک بروئے کار نہیں لایا گیا لیکن روایتی طور پر کم ترقی یافتہ شعبے اب اپنی مکمل صلاحیت کے مطابق کام کر رہے ہیں۔ ان میں شمال مشرقی خطہ، گاؤں، **Tier-2** اور **Tier-3** شہر، خواتین اور نوجوان، بحری معیشت اور خلا کے شعبے شامل ہیں۔ جناب مودی نے **2025** کو اصلاحات کا سال قرار دیا، جس میں براہِ راست ٹیکس نظام کی جگہ **GST** کا رُخ کیا گیا۔**x**

## Jaishankar HT Summit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے کہا ہے کہ کوئی بھی ملک بھارت سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ اُسے دیگر ملکوں کے ساتھ اپنے تعلقات کس طرح کے رکھنے چاہئیں۔ آج نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جئے شنکر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ جغرافیائی سیاسی حالات میں بھارت کو اپنی پسند اور ناپسند کی آزادی ہے اور اُسے کلیدی خودمختاری حاصل ہے۔ انھوں نے اِس بات کو مسترد کردیا کہ روس کے صدر ولادیمیر پُتن کے دورے سے امریکہ کے ساتھ بھارت کے تعلقات پر کسی طرح کا کوئی منفی اثر پڑے گا یا آزاد تجارت کے سمجھوتے میں کوئی رکاوٹ آئے گی۔ ڈاکٹر جئے شنکر نے کہا کہ امریکہ کے ساتھ رابطوں یا مذاکرات کا کوئی فقدان نہیں ہے۔ بھارت کی جغرافیائی اور سیاسی اُمنگوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ ایک ایسا ملک جو لگاتار بلندی حاصل کر رہا ہے اور جس کے اور بھی زیادہ اہم مقام پر پہنچنے کی امید ہے تو یہ بات اہمیت کی حامل ہے کہ سبھی طرح کے کلیدی تعلقات مستحکم رہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ملک اپنی ناوابستہ پالیسی کے عین مطابق جتنا ممکن ہوسکے، زیادہ سے زیادہ ملکوں کے ساتھ اشتراک برقرار رکھنے اور اپنی پوزیشن کو اور زیادہ مضبوط بنانے کا خواہشمند ہے۔**x**

## Indigo MoCA

حکومت نے **Indigo** کو بغیر کسی تاخیر کے مسافروں کے کرایے کی رقم واپس کرنے کی ہدایت دی ہے۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا ہے کہ کل رات **8** بجے تک سبھی منسوخ شدہ یا اُن پروازوں کے کرایے کی رقم لازمی طور پر واپس کردی جانی چاہیے، جن میں رکاوٹ پیدا ہوئی۔ **Indigo** کی جانب سے بڑی تعداد میں پروازیں منسوخ کیے جانے کے پیشِ نظر یہ حکم جاری کیا گیا ہے، جس سے ملک بھر میں مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Bhanu**

مسافروں کی شکایات کے بلا رکاوٹ ازالے کو یقینی بنانے کیلئے حکومت نے **Indigo** سے **refund** اور

مدد کیلئے cells قائم کرنے کیلئے کہا ہے۔ یہ یونٹس، متاثرہ مسافروں تک رسائی کریں گے اور refund کے عمل اور سفر کے متبادل بندوبست کو یقینی بنائیں گے۔ جب تک پروازوں کی مکمل طور پر بحالی نہ ہوجائے، اُس وقت تک خود کار refund نظام کو جاری رکھنے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ Indigo کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پروازوں کی منسوخی یا تاخیر کے سبب مسافروں سے الگ ہوئے اُن کے سامان کو اگلے 48 گھنٹے کے اندر انھیں واپس پہنچا دے۔ اس کے علاوہ ایئر لائن سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ معاوضہ کی ادائیگی اور مسافروں کے سامان کو ان تک پہنچانے سے متعلق مل کی شفافیت پر مبنی اور مسافروں کے موجودہ حقوق کے ضابطوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

آکاشوانی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## ECI SIR

انتخابی کمیشن نے آج کہا ہے کہ انتخابی فہرستوں پر خصوصی نظرثانی SIR کے دوسرے مرحلے کے آغاز کے بعد سے اب تک تقریباً 50 کروڑ 93لاکھ سے زیادہ گنتی سے متعلق فارم ووٹروں کو تقسیم کیے جاچکے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت جن 51 کروڑ ووٹروں کا احاطہ کیا جائے گا، اُن میں سے یہ 99اعشاریہ نو–تین فیصد ہے۔کمیشن نے یہ بھی بتایا کہ تقریباً 49 کروڑ فارم، اب تک ڈیجیٹل طریقے سے رجسٹرڈ ہوچکے ہیں۔

انتخابی فہرستوں کے SIR کا دوسرا مرحلہ، 9ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں میں اِس ماہ کی 4 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ یہ ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے ہیں : چھتیس گڑھ، گوا، گجرات، کیرالہ، مدھیہ پردیش، راجستھان، تمل ناڈو، اترپردیش، مغربی بنگال، پڈوچیری، لکشدیپ، انڈمان اور نکوبار جزائر۔ انتخابی فہرستوں کی بڑے پیمانے پر کی جا رہی نظرثانی کا عمل، اگلے برس 14فروری کو ووٹروں کی قطعی فہرست کی اشاعت کے ساتھ ختم ہوجائے گا۔ x

## Sitharaman Leadership Summit

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے اِس بات کا حوالہ دیتے ہوئے کہ انکم ٹیکس کو اب ایک دشوار گزار عمل کے طور پرنہیں دیکھا جائے گا، کہا ہے کہ مرکز، ٹیکس نظام کو آسان بنانے کیلئے کام کر رہا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک نجی میڈیا تنظیم کی لیڈرشپ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ شہریوں کی فلاح و بہبود کیلئے انکم ٹیکس ڈھانچے کو اور زیادہ شفاف، آسان اور قابلِ عمل بنائے جانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسٹم سے متعلق طریقۂ کار کا مکمل تفصیلی جائزہ، اگلا بڑا قدم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے گزشتہ دو برس میں کسٹم ڈیوٹی میں مسلسل کمی کی ہے اور اُسے مزید شفاف بنانے کیلئے امکانات تلاش کیے جا رہے ہیں۔ x

## GUJ VP

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے نوجوانوں سے یہ پُرزور اپیل کی ہے کہ وہ 2047 تک وکست بھارت

کے نظریے کی تکمیل کیلئے مل کر کام کریں۔ مجسمۂ اتحاد پر سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 150ویں جینتی کے سلسلے میں قومی پد یاترا کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے قومی اتحاد اور ملک کی تعمیر میں سردار پٹیل کے اہم رول کو یاد کیا اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی زندگی میں سردار پٹیل کی اقدار کو اپنائیں۔ نائب صدر نے My Yuva Bharat جیسی پہل کے ذریعے کردار سازی، اختراع اور اپنا کاروبار کرنے کی سمت نوجوانوں کی صلاحیت اور اُن کے جوش و ولولے کو بروئے کار لانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کو بھی اجاگر کیا۔سردار پٹیل کی 150ویں جینتی منانے کیلئے قومی پد یاترا کا اہتمام کیا گیا تھا جو 26نومبر کو Karamsad سے شروع ہوئی تھی اور آج مجسمۂ اتحاد پر کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔x

## Eve Amedkar

آج ملک کے مختلف حصوں میں بھارت رتن ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی برسی کے موقع پر مہاپَری نِروان دیوس منایا گیا۔ اِس موقع پر مختلف رہنماؤں نے ڈاکٹر امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جو اُن کی تعلیمات اور مساوات اور سب کی شمولیت والے معاشرے کی تعمیر کے اُن کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........

**VC Adarsh**

بابا صاحب امبیڈکر، بھارتی آئین کے اصل معمار تھے، جن کے سماجی انصاف، مساوات اور جمہوریت پر مبنی نظریات، آئندہ نسلوں کو تحریک دینا جاری رکھیں گے۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور مختلف سرکردہ رہنماؤں نے ڈاکٹر امبیڈکر کو گلہائے عقیدت نظر کیے۔ نائب صدر نے مساوات، وقار اور اتحاد کیلئے ڈاکٹر امبیڈکر کی مسلسل جد و جہد کو اجاگر کیا۔وزیر اعظم مودی نے بابا صاحب کی بصیرت افروز قیادت کی ستائش کی اور کہا کہ اُن کی آئینی اقدار، بھارت کی رہنمائی کرنا جاری رکھیں گی۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے ڈاکٹر امبیڈکر کو مشعلِ راہ قرار دیتے ہوئے اُنھیں گلہائے عقیدت نذر کیے۔

دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Quad CWG Terrrorism

بھارت، جاپان، آسٹریلیا اور امریکہ نے سرحد پار دہشت گردی سمیت ہر طرح کی دہشت گردی کی واضح طور پر مذمت کی ہے اور لال قلعہ دہشت گردانہ واقعہ کیلئے افسوس کا اظہار کیا۔ دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق تیسری دو روزہ Quad ورکنگ گروپ کی میٹنگ، اِس ماہ کی 4اور 5تاریخ کو نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران رکن ملکوں نے بھارت–بحرالکاہل خطے میں رونما ہوئے واقعات سمیت دہشت گردی کے خطرے سے متعلق جائزوں کا باہمی تبادلہ خیا۔ رکن ملکوں نے بھارت– بحرالکاہل خطے کو دہشت گردی کے خطرے سے پاک بنانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ x

## Colombo Cyclonic Storm

آپریشن ساگر بندھو کے تحت تمل ناڈو سرکار نے 950 میٹرک ٹن ایمرجنسی امدادی سامان سری لنکا بھیجا ہے۔ وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے آج سمندری طوفان سے متاثرہ سری لنکا کیلئے امدادی سامان کے ساتھ ایک بحری جہاز کو روانہ کیا۔ سری لنکا میں گذشتہ ہفتے شدید طوفان کے تناظر میں سیلاب آنے سے 611افراد کی موت ہوئی اور کئی گھروں کو شدید نقصان پہنچا۔ امدادی سامان سے لدے ہوئے تین بحری جہاز کولمبو پہنچیں گے جبکہ ایک ترنکو مالی میں لنگر انداز ہوگا۔ تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ اسٹالن نے آج صبح ایک تقریب میں ڈاکٹر Geethishwaran کو عطیہ سپرد کیا۔ اس موقع پر تمل ناڈو سرکار کے عہدیدار اور سری لنکا سرکار کے نمائندے موجود تھے۔x

## Afghan Pak Clash

پاکستان اور افغانستان کے درمیان دو ہزار 600 کلو میٹر طویل سرحد پر کشیدگی پھر سے بڑھ گئی ہے۔ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ رات میں تقریباً 4 گھنٹے تک جھڑپیں ہوئیں اور وہاں کے باشندوں کو افغانستان کے سرحدی شہر Spin Boldak سے باہر جانا پڑا۔ مقامی میڈیا کی اطلاعات کے مطابق قندھار کے ایک مقامی اسپتال میں چار لاشیں اور چار زخمی عام شہریوں کو لایا گیا، جبکہ پاکستانی حکام نے کہا ہے کہ اُن کی طرف تین افراد زخمی ہوئے۔ افغانستان اور پاکستان کے درمیان سرحد پر گذشتہ کئی مہینوں سے رُک رُک کر لڑائی ہوتی رہی ہے اور اِس دوران، افغانستان کی طالبان سرکار نے پاکستان پر افغان علاقے میں فضائی حملے کرنے کا الزام بھی لگایا ہے۔ تاہم دونوں ملکوں نے گولی باری ہونے کی تصدیق کی ہے اور ایک دوسرے پر تشدد شروع کرنے کا الزام لگایا ہے۔x

## Eve IISF

پنچکولہ کے دسہرہ گراؤنڈ میں آج سائنس اور ٹیکنالوجی کی مرکزی وزارت کی جانب سے منعقدہ گیارہویں بھارتی بین الاقوامی سائنس فیسٹول، IISF کا آغاز ہوا۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے ہریانہ کے سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے وزیر کرشن بیدی کے ہمراہ، اِس فیسٹول کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خلاء باز گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا نے طلباء اور نوجوان سائنسدانوں سے اپنے تجربات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات بھارتیوں کیلئے واقعی باعث ترغیب ہے کہ ملک، سائنس کے شعبے میں خود کفیل بن رہا ہے۔ انہوں نے خلائی شعبے میں بھارت کی کارکردگی پر اپنے خیالات کا بھی اظہار کیا اور کہا کہ اِس مرتبہ، IISF خود کفیل بھارت کیلئے : سائنس سے خوشحالی کے موضوع پر منعقد کیا جا رہا ہے۔

**S/B: Shubhanshu Shukla**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم، اسرو، دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO اور دیگر سرکردہ سائنسی اداروں کے سینئر سائنداں اور تحقیق کار بھی پہنچے ہیں، جو بات چیت کے مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔x

## ISSF World Cup Final

آج ISSF عالمی کپ فائنل میں بھارت کی سروچی سنگھ نے خواتین کے 10میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا اور نیا جونیئر عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ اُن کی ساتھ کھلاڑی Sainyam نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ سروچی نے فائنل میں 245اعشاریہ ایک کا اسکور حاصل کیا اور منوبھاکر کے 244اعشاریہ 7کے چھ سالہ جونیئر عالمی ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ عالمی کپ میں یہ اُن کی ایک اور شاندار کار کردگی رہی، جہاں اِس سال انہوں نے پہلے ہی سونے کے 3تمغے حاصل کیے تھے۔ x

## Crickt

مردوں کے کرکٹ میں وشاکھا پٹنم میں تین میچوں کی ODI سیریز کے تیسرے اور آخری کرکٹ میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 9وکٹ سے کراری شکست دے کر سیریز دو–ایک سے جیت لی ہے۔

بھارت کیلئے یشسوی جیسوال نے شاندار 116رن اور وراٹ کوہلی نے 65رن بنائے اور دونوں ناٹ آؤٹ رہے۔ روہت شرما نے 75رن اسکور کیے۔بھارت نے 271رن کا جیت کا نشانہ، 39اوورز اور پانچ گیندوں میں ہی حاصل کرلیا۔ اِس سے پہلے مہمان ٹیم، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 47اوورز اور پانچ گیندوں میں 270رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔بھارت کیلئے کلدیپ یادو اور پرسدھ کرشنا نے چار–چار وکٹ حاصل کیے۔ x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش اور اڈیشہ میں کہیں کہیں سردی کا زور بڑھنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی آج شام بھی بہت خراب کے زمرے میں رہی۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق آج شام 7بجے خطے میں ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ 322ریکارڈ کیا گیا۔موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ شمال مشرقی خطے میں صبح کے اوقات میں گہرا کُہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ اِن میں آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ شامل ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆